سوال

(118) یہ خیال غلط ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں چاہتا ہوں کہ نماز پڑھوں، روزے رکھوں، قرآن مجید کی تلاوت کروں اور قرآن سنت کے احکام پر عمل کرنے کی کوشش کروں۔ لیکن پھر یہ خیال آتا ہے کہ میں یہ کام اس لے کروں گا کہ تاکہ لوگ مجھے دین دار اور نیک کہیں۔ جب یہ احساس پیدا ہوتا ہے تو میں اس کے ڈر سے کئی کام چھوڑ دیتا ہوں۔ میں اس مشکل سے کس طرح نجات حاصل کرسکتا ہوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعمیل کی نیت اور حصول ثواب کےلئے اسلام کے احکام پر عمل کریں اور اس وسوسہ کی طرف توجہ نہ دیں کہ آپ کا عمل ریاکاری میں شامل ہوگا۔ جہاں تک ہوسکے اس خیال کو دور رکھیں۔

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیَّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

اللجنة الدائمة۔ رکن: عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر: عبدالرزاق عفیفی، صدر عبدالعزیز بن باز فتویٰ (۷۳۴۹)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلد دوم - صفحہ 132